میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

نمبر:PR17010 | 14/02/2017 | منگل، 18 جمادی الاول، 1438ھ

لاہور بم دھماکہ: امریکی سفارت خانہ اور اڈے بند کرو

جب تک امریکہ سے اتحاد کا خاتمہ نہیں ہوتا، پاکستان خوفناک دھماکوں سے نقصان اٹھاتا رہے گا

پیر 13 فروری 2017 کو لاہور کی مال روڈ پر مبینہ خودکش حملہ ہوا جس میں کم از کم 16 افراد ہلاک اور 75 سے زائد زخمی ہوگئے۔ حزب التحریر ولایہ پاکستان اس خوفناک حملے کی پُر زور مذمت کرتی ہے اور ہلاک ہونے والوں کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتی ہے۔

جب سے پاکستان کے حکمرانوں نے امریکہ کی نام نہاد "دہشت گردی کے خلاف جنگ" میں اتحادی بننے کا اعلان کیا ہے پاکستان کے طول و عرض میں دھماکے اور ان کے نتیجے میں ہلاکتیں معمول بن گئی ہیں۔ پاکستان کے امریکی ایجنٹ حکمرانوں نے ہمیشہ ان دھماکوں کو امریکی جنگ کو "ہماری جنگ" ثابت کرنے کے لیے استعمال کیا لیکن کبھی بھی بدامنی کے اصل وجہ پاکستان اور خطے میں امریکی موجودگی کو ختم کرنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ ریمنڈ ڈیوس کی گرفتاری کے بعد یہ بات ثابت ہوگئی تھی کہ امریکہ کے سرکاری اور غیر سرکاری انٹیلی جنس ادارے پاکستان کے مختلف علاقوں سے شرپسند عناصر کو بھرتی اور ایسے دھماکے کرانے کے لیے کام کرتے ہیں لیکن سیاسی و فوجی قیادت نے سانپ کے سر کو کچلنے کی جگہ اسے پاکستان میں مزید اپنے گھروندے بنانے کی اجازت دی اور اب دنیا میں بغداد، مقبوضہ عراق کے بعد دوسرا بڑا امریکی سفارت خانہ اسلام آباد میں ہے۔ یہ بات بھی حقائق سے ثابت شدہ ہے کہ جب بھی امریکہ نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے سیاسی و فوجی قیادت کو "ڈو مور" کا حکم دیا تو کوئی نہ کوئی ایسا سانحہ ہوجاتا ہے جس کو جواز بنا کر حکمران امریکی ایجنڈے پر کام تیز کر دیتے ہیں۔ سیاسی و فوجی قیادت خود ایک سے زائد بار اس بات کا اعتراف کر چکی ہے کہ بھارت افغان سرزمین پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے استعمال کر رہا ہے اور کلبھوشن یادیو کو اس بات کے ثبوت کے طور پر پیش بھی کرتے ہیں لیکن یہ بات نہیں کرتے کہ بھارت اور اس کی انٹیلی جنس ایجنسی "را" پر افغانستان کے دروازے اس کے نام نہاد اتحادی امریکہ ہی نے تو کھولے ہیں۔

حزب التحریر ولایہ پاکستان، پاکستان کے مسلمانوں پر واضح کر دینا چاہتی ہے کہ جب تک خطے میں بدامنی کی جڑ امریکہ کی موجودگی کو ختم نہیں کیا جاتا پاکستان میں اسی طرح دھماکے ہوتے رہیں گے اور خفیہ تنظیمیں اس کی ذمہ داری بھی قبول کرتی رہیں گی۔ لہٰذا پاکستان کے مسلمانوں کو اس نعرے کو ایک مطالبے کے طور پر مقبول عام کر دینا چاہیے کہ "ایمبیسی اڈے بند کرو، امریکی راج ختم کرو"۔ امریکی راج کا خاتمہ ہی پاکستان اور خطے میں امن کی ضمانت ہوگا اور ایسا بہادرانہ کام موجودہ سیاسی و فوجی قیادت میں موجود امریکی ایجنٹ نہیں بلکہ نبوت کے طریقے پر قائم ریاست خلافت ہی کرے گی۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ آمَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالاً وَدُّواْ مَا عَنِتُّمْ

"اے ایمان والو! اپنے سوا کسی کو اپنا راز دار مت بناؤ، یہ لوگ تم میں فتنہ انگیزی کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کرتے، اور چاہتے ہیں کہ تمہیں تکلیف پہنچے" (آل عمران:118)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com | یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK | حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com | فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 | حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info